AQF / Fazil

22-05-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں قبرص کے صدر Nikos Christodoulides کیساتھ بات چیت کرینگے۔

2- نئی دلّی میں، Big Cat Alliance کی یکم جون کو ہونے والی پہلی بین الاقوامی سربراہ کانفرنس ملتوی کردی گئی ہے۔

3- ریلوے کے محکمے نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور ریلوے احاطے میں کسی بھی طرح کی مشتبہ سرگرمی یا مشتبہ افراد کے بارے میں جانکاری بلا تاخیر ہیلپ لائن نمبر 139 پر دیں۔

4- کلکتہ ہائی کورٹ نے RG Kar آبروریزی اورقتل کیس میں الزامات پر پردہ ڈالنے کے معاملے کی تحقیقات کیلئے CBI کی خصوصی ٹیم قائم کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

5- پلوامہ دہشت گردانہ حملے کا سرغنہ حمزہ برہان پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں، نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں مارا گیا ہے۔

6- امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے کہا ہے کہ بھارت جتنی بھی توانائی خریدنا چاہتا ہے، امریکہ اُسے فروخت کرنے کیلئے تیار ہے۔

7- اور IPL کرکٹ میں، احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سُپر کنگس کو نواسی رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-CYPRUS PREZ

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں قبرص کے صدر Nikos Christodoulides کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ قبرص کے صدر کل نئی دلّی پہنچے ہیں۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیرمملکت Ajay Tamta نے ہوائی اڈے پر اُن کا خیر مقدم کیا۔ قبرص کے صدر کے ہمراہ وزیر خارجہ، ٹرانسپورٹ، مواصلات اور کام کاج کے محکمے کے وزیر، سینئر

عہدیداران اور کاروباریوں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی ہے۔ یہ اُن کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Anupam Mishra**

*وزیراعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دو طرفہ اشتراک کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر بات چیت کریں گے۔ اِن میں تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، تعلیم، ثقافت، موبلٹی، دفاع اور سکیورٹی، آرٹیفشل انٹیلیجنس، فن ٹیک، اختراع اور تحقیق جیسے شعبے شامل ہیں۔ وہ کثیر رُخی اشتراک سمیت علاقائی اور عالمی اہمیت کے حامل معاملات پر بھی نظریات کا تبادلہ کریں گے۔ بات چیت کے بعد مختلف معاہدوں پر دستخط کئے جائیں گے۔ جناب مودی قبرص کے صدر کے اعزاز میں ظہرانے کی میزبانی کریں گے۔ شام میں قبرص کے صدر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے راشٹرپتی بھون میں ملاقات کریں گے۔ قبرص کے صدر کا دورہ گزشتہ برس جون میں وزیراعظم نریندر مودی کے قبرص کے دورے کے ایک سال کے اندر اندر ہورہا ہے۔ دو دہائیوں میں کسی بھی وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ تھا۔ بھارت اور قبرص کی قریبی اور طویل مدتی شراکت داری ہے۔ آئندہ برس فروری میں دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 65 برس مکمل ہوجائیں گے۔*

*دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## IBCA SUMMIT POSTPONED

**Big Cat Alliance** کی پہلی بین الاقوامی سربراہ کانفرنس، جو یکم جون کو نئی دلّی میں ہونے والی تھی، ملتوی کر دی گئی ہے۔ اس سربراہ کانفرنس میں **Big Cat** کے دائرے میں آنے والی جانوروں کی 7 اقسام کو محفوظ رکھنے پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے، جن میں شیر، ببر شیر، تیندوا، برفانی تیندوا، چیتا، **Jaguar** اور **Puma** نیز اُن کا ایکو نظام شامل ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Samarth**

***Big Cat Alliance** کی بین الاقوامی سربراہ کانفرنس چوتھی بھارت-افریقہ فورم سربراہ میٹنگ کے ساتھ ساتھ ہونے والی تھی۔ کئی افریقی ملکوں میں **Big Cats** جانوروں کی مختلف اقسام پائی جاتی ہیں اور وہ انہیں محفوظ رکھنے، ماحولیاتی پائیدار نظام اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کی سمت عالمی کوششوں میں وہ اہم ساجھیدار ہیں۔ چوتھی بھارت-افریقہ فورم سربراہ میٹنگ اب بعد میں کسی تاریخ کو کرائی جائے گی۔ اسلیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ افریقی ملکوں سمیت سبھی متعلقہ ملکوں کی وسیع تر اور سرگرم شمولیت کو یقینی بنانے کی خاطر **Big Cat Alliance** کی پہلی سربراہ کانفرنس بھی بعد میں طلب کی جائے گی۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق وزارت کے مطابق اس میں شرکت کرنے والے ملکوں*

اور متعلقہ اداروں کے ساتھ صلح مشورے کے بعد سربراہ کانفرنس کی نئی تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔
دلّی سے سامرتھ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**RAILWAY ALERT**

ریلوے بنیادی ڈھانچے اور ٹرین آمدورفت کو نشانہ بنائے جانے کے حالیہ واقعات کے تناظر میں ریلوے کے محکمے نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ سفر کرتے وقت چوکس رہیں اور ریلوے احاطے میں کسی بھی طرح کی مشتبہ سرگرمی یا مشتبہ افراد کے بارے میں جانکاری بلا تاخیر ہیلپ لائن نمبر 139 پر دیں۔

کل نئی دلّی میں ریل بھون میں، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کی صدارت میں اعلیٰ سطح کی سکیورٹی جائزہ میٹنگ کے بعد یہ اپیل کی گئی ہے۔ اس میٹنگ میں ریلوے کے وزراء مملکت V Somanna اور Ravneet Singh Bittu کے ساتھ ساتھ ریلوے بورڈ کے سینئر عہدیداروں اور مختلف فیلڈ افسروں نے بھی شرکت کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Kaumudee

ریلوے کی وزارت کے مطابق کئی حالیہ واقعات کی اب تک کی چھان بین سے سماج دشمن عناصر کے ملوث ہونے کا اشارہ ملتا ہے۔ ریلوے حفاظتی فورس اِن واقعات کی سرگرمی کے ساتھ جانچ کر رہی ہے۔ میٹنگ میں اس بات سے مطلع کیا گیا کہ کئی واقعات میں ریلوے کے حکام کی جانب سے بروقت اور پیش بندی کی کارروائی سے بڑے واقعات کی روک تھام میں مدد ملی ہے۔ ریلوے نے کہا ہے کہ وہ مسافروں کی سلامتی ریل گاڑیوں، اسٹیشنوں اور وسیع تر ریل نیٹ ورک کی سکیورٹی کو مستحکم بنانے کی خاطر مصنوعی ذہانت، ڈرون اور CCTV نظام جیسے جدید طرز کے تکنیکی وسیلوں کے استعمال میں اضافہ کر رہی ہے۔ اس پہل پر Mission Mode میں کام کیا جا رہا ہے۔

دلّی سے Kaumudee Pareekh کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**HC-RG KAR CASE**

کلکتہ ہائی کورٹ نے RG Kar آبروریزی اور قتل کیس میں الزامات پر پردہ ڈالنے کے معاملے کی تحقیقات کیلئے CBI کی خصوصی ٹیم قائم کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Sandeepan

کلکتہ ہائی کورٹ نے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال آبروریزی اور قتل کیس کی تحقیقات کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے۔ تین ارکان پر مشتمل SIT کی قیادت مشرقی زون کیلئے

CBI کے جوائنٹ ڈائریکٹر کریں گے۔ عدالت نے تین سے 25 جون تک اپنی رپورٹ داخل کرنے کو کہا ہے۔ جسٹس Shampa Sarkar اور Tirthankar Ghosh پر مشتمل ایک ڈویژن بینچ نے 9 اگست 2024 کو مقتولہ کے رات کے کھانے سے لے کر اُس کی آخری رسوم تک کے حالات وواقعات کی چھان بین کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایجنسی کو متعلقہ سبھی پہلوؤں کی تحقیقات کرنے کی آزادی دی گئی ہے۔ عدالت کا یہ فیصلہ مقتولہ کے کنبے کی جانب سے باربار اِن تشویش کے بعد سامنے آیا ہے کہ شواہد سے مبینہ طور پر چھیڑ چھاڑ کی جاسکتی ہے اور حقائق کو چھپایا جاسکتا ہے۔ بینچ نے اس بات پر زور دیا کہ SIT مجموعی تحقیقات کو یقینی بنانے کی خاطر ہر تفصیل کی جانچ کرے گی۔ 2024 میں پیش آئے اس وحشیانہ واقعے نے پورے ملک کو صدمہ میں ڈال دیا تھا، جس کے بعد سنجے رائے کو عمر قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ لیکن ڈاکٹروں اور سول سوسائٹی کی جانب سے بڑے پیمانے پر مظاہروں نے انصاف کی مانگ کو زندہ رکھا۔

Sandipon Dasgupta کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PULUWAMA MASTERMIND KILLED**

پاکستان کے قبضے والے جموں کشمیر کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ میں حمزہ برہان مارا گیا، جس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ 2019 کے پلوامہ دہشت گردانہ حملے کا ایک سرغنہ تھا۔ اس حملے میں CRPF کے 40 سے زیادہ اہلکاروں کی موت ہوگئی تھی۔ حمزہ برہان البدر دہشت گرد گروپ کا ایک کمانڈر تھا۔ جموں کشمیر میں دہشت گردی کی کئی سرگرمیوں میں اُس کے ملوث ہونے کی بنا پر اپریل 2022 میں، بھارت نے اُسے دہشت گرد قرار دیا تھا۔ پلوامہ حملے کے بعد سے وہ پاکستان کے قبضے والے جموں کشمیر کے علاقے میں ایک ٹیچر کے بھیس میں رہ رہا تھا۔ مقامی پولیس کے مطابق گوجرا، مظفرآباد میں ایک پرائیویٹ کالج کے پرنسپل برہان کو اُس وقت نشانہ بنایا گیا، جب وہ کل صبح اپنے کالج سے باہر نکل رہا تھا۔ حمزہ برہان جموں کشمیر کے پلوامہ ضلعے کا رہنے والا تھا۔ بعد میں وہ پاکستان چلا گیا اور البدر دہشت گرد گروپ میں شامل ہوگیا۔

**PUNJAB-ESPIONAGE**

پنجاب پولیس نے پٹھان کوٹ کے ایک باشندے کو، پٹھان کوٹ- جموں قومی شاہراہ-44 پر انٹرنیٹ سے منسلک CCTV

کیمرہ نصب کرکے پاکستان میں مقیم اپنے آقاؤں کیلئے جاسوسی کرنے کیلئے گرفتار کیا ہے۔ پٹھان کوٹ کے SSP دَلجیندر سنگھ ڈِھلّو نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم بلجیت سنگھ نے مبینہ طور پر فوج اور نیم فوجی دستوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے کیلئے قومی شاہراہ-44 پر ایک پُل کے نزدیک CCTV کیمرہ نصب کیا تھا۔ اِس کی لائیو فیڈ پاکستان میں مقیم ISI کے کارندوں سے شیئر کی جارہی تھی۔×

**J&K BHAVAN**

جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے شری ماتا ویشنو دیوی مندر میں نئے تعمیر کیے گئے ویشنوی بھون کو عقیدتمندوں کو وقف کیا۔ اس کا مقصد پوِتر گپھا میں واقع مندر میں یاتریوں کیلئے سہولیات کو بہتر بنانا اور اُن کے قیام کی سہولیات میں اضافہ کرنا ہے۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب منوج سنہا نے کہا کہ نئے بھون کے تعمیر ہونے سے وہاں ہر سال آنے والے یاتریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے مدّنظر اُنہیں جدید طرز کا آرام دہ بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا جا سکے گا۔×

**MARCO RUBIO-INDIA ENERGY**

امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio نے کہا ہے کہ امریکہ، بھارت کو جتنی وہ چاہے توانائی فروخت کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے آبنائے ہرمز کے بند ہونے کے سبب بھارت پر توانائی کی اعلیٰ قیمتوں کے اثر کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ سوئڈن اور بھارت کے اپنے دورے پر روانہ ہوتے ہوئے میامی میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران وزیر موصوف نے یہ اظہار خیال کیا۔ انہوں نے بھارت کو ایک عظیم شراکت دار بھی قرار دیا اور کہا کہ اُن کا دورہ اسی لئے اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس موقع پر انہیں Quad ممالک کے وزراء سے ملاقات کا موقع ملے گا۔×

**U-HEAT WAVE**

اترپردیش میں، درجۂ حرارت تمام ریکارڈ توڑ رہا ہے اور پوری ریاست شدید گرمی کی گرفت میں ہے۔ لگاتار پانچویں دن ریاست کا باندا ضلع ملک میں سب سے گرم مقام رہا۔ وہاں دن کا درجۂ حرارت 47 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسئس ریکارڈ کیا گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Sushil Tiwari**

*ریاست میں پارہ ہرگزرنے والے دن کے ساتھ نئی بلندی پر پہنچ رہا ہے۔ بُندیل کھنڈ خطّہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ وہاں بیشتر مقامات پر ٹمپریچر 45 ڈگری سیلسئس سے تجاوز کرگیا ہے۔ باندا میں یہ 47 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسئس ریکارڈ کیا گیا ، جو نارمل سے 4 ڈگری زیادہ ہے اور اس سے شہر میں روزمرہ کی زندگی درہم برہم ہو کر رہ گئی ہے۔ پریاگ راج میں بھی ٹمپریچر 46 اعشاریہ 6*

ڈگری سیلسئس تک پہنچ گیا، جومعمول سے 5 ڈگری زیادہ ہے۔ وارانسی میں یہ 45 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسئس ریکارڈ کیا گیا۔لوگوں کو رات کے وقت بھی گرمی کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، کیونکہ رات میں بھی پارہ 30 ڈگری سیلسئس کے آس پاس چل رہا ہے۔

لکھنؤ سے سُشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج اترپردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں شدید سے بہت شدید گرمی کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ دلّی، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں بھی تیز گرمی کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ پنجاب، بہار، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اڈیشہ، راجستھان، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور تلنگانہ میں بھی آج سخت گرمی کا امکان ہے۔ اس دوران دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش اور وِدربھ میں آج رات میں بھی موسم گرم رہے گا۔ IMD نے پنجاب اور مغربی راجستھان میں آج کہیں کہیں دھول بھری آندھی کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ملک کے شمال مشرقی حصوں، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

**DELHI WATER CONSERVATION**

دلّی حکومت نے قومی راجدھانی میں پانی کی بچت کو مستحکم کرنے کی خاطر ایک اہم اقدام کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت مانسون کے آغاز سے پہلے 75 سرکاری اسکولوں میں بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے کے نظام کو بحال کیا جائے گا اور اُسے استعمال میں لایا جائے گا۔ دلّی کی وزیرِاعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ امکان ہے کہ اِس سے بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے کی صلاحیت تقریباً 50 کروڑ لیٹر ہوجائے گی۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ اِس اقدام کا مقصد زیرِ زمین پانی کو قابل استعمال بنانے کو بہتر کرنا، پانی کی بچت کو فروغ دینا اور طلباء اور مقامی لوگوں کے درمیان بیداری پیدا کرنا ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سپرکنگس کو 89 رن سے ہرادیا۔ گجرات ٹائٹنس نے چنئی سُپرکنگس کو 230 رن کا جیت کا بڑا نشانہ دیا تھا اور چنئی کی ٹیم محض 13 اووَرس اور چار گیندوں میں 140 رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ شیوم دوبے نے سب سے زیادہ 47 رن بنائے۔ گجرات ٹائٹنس کیلئے محمدسراج، راشد خان اور Kagiso Rabada نے تین تین وکٹ حاصل کئے۔ محمد سراج کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج حیدرآباد کے راجیوگاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں سنرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ

شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

**KIRTI VARDHAN BIOLOGICAL**

حیاتیاتی تنوع 2026 کے عالمی دن کے موقع پر ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے ریاستی وزیر کیرتی وَردھن سنگھ نے کہا کہ سرکار نے ایک بار پھر زور دے کر کہا ہے کہ حیاتیاتی تحفظ کی شروعات زمینی سطح پر ہوتی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر ایک ویڈیو پیغام شیئر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ حیاتیاتی تنوع کا تحفظ محض عالمی عہد بستگی نہیں بلکہ Communitics، اداروں اور حکومتوں کی مقامی ذمہ داری بھی ہے۔×

**IRCTC-GOLDEN CHARIOT**

Indian Railway Catering Corporation and Tourism (IRCTC) نے 2026-27 کے سیاحتی سیزن کیلئے مزید بہتر Golden Chariot Luxury Train کی شروعات کا اعلان کیا ہے، جس میں مسافروں کیلئے بہتر سہولیات اور ترغیباتی پیشکش شامل ہیں۔ ایک بیان میں IRCTC نے بتایا کہ Golden Chariot جوکہ جنوبی بھارت کی مالا مال تہذیبی وراثت اور قدرتی مناظر کی پیشکش کیلئے مشہور ہے۔ روایتی شان اور جدید سہولیات کے امتزاج کے ساتھ سامنے آرہی ہے۔ اس ٹرین کی نمایاں خصوصیات میں داخلی تزئین نو، نئے تعمیر شدہ کیبن اور تفریح کیلئے اسمارٹ T.V اور WiFi کی سہولیات شامل ہیں۔ 40 کیبنوں والی اس ٹرین میں 80 مسافروں کی گنجائش ہے، جس میں ڈبل بیڈ، Twin Bed اور معذور مسافروں کیلئے خصوصی طور پر ڈیزائن کردہ کیبن شامل ہیں۔×

**TN-CABINET EXPANSION**

تمل ناڈو میں جوزف وِجے کی قیادت میں کابینہ میں آج مزید دو وزراء کو شامل کرکے توسیع کی جائے گی۔ مخلوط حکومت میں Tindivanam آسمبلی حلقے سے منتخب VCK کے Vanniarasu اور Papanasam حلقے سے منتخب IUML کے اے ایم شاہجہاں کو شامل کیا جائے گا۔ ریاستی گورنر وشوناتھ Arlekar صبح 10 بجے لوک بھون میں وزراء کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔ حلف لینے والے نئے وزراء کے بعد کابینہ میں 35 ارکان ہوجائیں گے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمندعلی خان

شکریہ - شگفتہ یاسمین

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی کے طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: غیر ملکی دورے کے بعد وزیراعظم کی صدارت میں کابینہ کی اہم میٹنگ۔ بحران کے دوران عوام کو بلا تعطل سہولتیں فراہم کرنے کا عزم، تمام وزراء کو اپنے محکموں میں غیر ضروری اخراجات کم کرنے کی ہدایت۔ ہندوستان ایکسپریس کے صفحہ اول کی اہم خبر ہے: ملک میں SIR کے تیسرے مرحلے کا آغاز 16 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں میں خصوصی نظرثانی مہم چلے گی۔

وزیر دفاع نے جنوبی کوریا میں بنی ہندوستانی جنگی یادگار کا افتتاح کیا۔ روزنامہ پرتاپ نے اس خبر کو اپنے صفحہ اول پر نمایاں اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اسی صفحہ پر دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کا یہ بیان بھی موجود ہے کہ دلّی میں نئے راشن کارڈ بننے شروع، 7.72 لاکھ لوگوں کو ملے گا فائدہ۔

مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا کا یہ بیان بھی اس روزنامے کی اہم خبر ہے کہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے تحت دیش کو موذی مرض سے نجات ملی۔ ملک کے کئی حصوں میں شدید گرمی سے عوام بے حال، ٹوٹا 14 سالہ ریکارڈ۔ محکمہ موسمیات کا ریڈ الرٹ، شہریوں کو محتاط رہنے کا مشورہ۔ یہ خبر بھی تقریباً سبھی اخبارات میں اہم شہ سرخی کے طور پر موجود ہے۔

کچھ اہم عالمی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران-امریکہ کے درمیان جلد معاہدے کا اعلان متوقع۔

☆ حج کیلئے سعودی عرب پہنچنے والے مہمانوں کا شاندار استقبال۔

☆ عازمین حج کی سہولت کیلئے مشاعر مقدسہ میٹرو منصوبے کا آغاز۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں قبرص کے صدر **Nikos Christodoulides** کیساتھ بات چیت کرینگے۔

2- نئی دلّی میں، **Big Cat Alliance** کی یکم جون کو ہونے والی پہلی بین الاقوامی سربراہ کانفرنس ملتوی کردی گئی ہے۔

3- ریلوے کے محکمے نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور ریلوے احاطے میں کسی بھی طرح کی مشتبہ سرگرمی یا مشتبہ افراد کے بارے میں جانکاری بلا تاخیر ہیلپ لائن نمبر 139 پر دیں۔

4- کلکتہ ہائی کورٹ نے **RG Kar** آبروریزی اور قتل کیس میں الزامات پر پردہ ڈالنے کے معاملے کی تحقیقات کیلئے **CBI** کی خصوصی ٹیم قائم کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

5- پلوامہ دہشت گردانہ حملے کا سرغنہ حمزہ برہان پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں، نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں مارا گیا ہے۔

6- امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے کہا ہے کہ بھارت جتنی بھی توانائی خریدنا چاہتا ہے، امریکہ اُسے فروخت کرنے کیلئے تیار ہے۔

7- اور IPL کرکٹ میں، احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سُپر کنگس کو نواسی رن سے ہرا دیا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-----------------------------------------